اہم سوالات برائے اردو (جماعت دہم)

برائے حصہ 'ب'   مختصر جواب کے سوالات

سوال نمبر2

i. آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کے بارے میں ہند ابی ہالہ رضی اللہ عنہ کیا فرماتے ہیں؟

ii. بے گناہ قیدی رنجیدہ کیوں تھا؟

iii. کن خیالات نے دنیا کے تنزل اور ترقی پر اثر کیا ہے؟

iv. قانون ادب سے کیا مراد ہے یا دنیا کی بہبود کے لیے کون سی چیزیں ضروری ہیں؟

v. کانگرس کا اصل مقصد کیا تھا اور مسلم لیگ کا قیام کیوں عمل میں آیا؟

vi. فتح اللہ خان کی کتنی بیٹیاں تھیں ان کے نام بتائیے نیز سلطانہ کے رنجیدہ رہنے کی اصل وجہ کیا تھی؟

vii. ساہوکار نے اپنے بیٹوں میں ملکیت کس طرح تقسیم کی؟

viii. رضیہ کے والد نے فاطمہ کو تسلی دینے کے لیے کیا جملے ادا کیے؟

ix. نام دیو مالی نے بچوں کے علاج میں کیسے مہارت حاصل ہوئی؟

x. طالب علموں کے 'اونہہ' کہنے کی وجوہات تحریر کیجیے۔

xi. مصنف نے اسپتال کے انڈر وارڈ کو کیسا پایا تھا؟

xii. برٹش لائبریری کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا اور اس میں کیا کیا ہے؟

سوال نمبر:3 مرکزی خیال یا خلاصہ کے لئے اہم اسباق

بوڑھی کاکی، قومی ہمدردی، شہید، سیانا بادشاہ، نام دیو مالی، امید کی خوشی

سوال نمبر:4 تشریح کے لیے اہم اشعار

i.	جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم	سو اس عہد کو اب وفا کر چلے
ii.	زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا	بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے
iii.	طلب میری بہت کچھ ہے مگر کیا	کرم تیرا ہے ایک دریا عطا کا
iv.	رہی نہ طاقت گفتار اور اگر ہو بھی	تو کس امید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے؟
v.	بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ	قسمت میں قید لکھی تھی فصل بہار میں
vi.	آدمی کے پاس سب کچھ ہے	مگر ایک تنہا آدمیت ہیں
vii.	نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا	مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے
viii.	جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی	حق بندگی ہم ادا کر چلے

سوال نمبر 5 :اہم خطوط اور مراسلے

i. اپنے دوست کو خط لکھیے جس میں بتائیں کہ عہد حاضر کے پاکستان میں طلبہ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟

ii. اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے جس میں انہیں نکاسی آب کی ناقص صورتحال کی جانب توجہ دلایئے۔

iii. اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے جس میں سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ سے متعلق مسائل کی جانب توجہ مبذول کروائے۔

iv. اپنے علاقے کی ڈسپنسری / ہسپتال کی صفائی کے بارے میں متعلقہ محکمے کو خط لکھیں۔

سوال نمبر:6 مقطع، قافیہ، ردیف، مرثیہ ، افسانہ ، غزل یا نظم اور مضمون میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔

سوال نمبر 7 : (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔

جملہ فعلیہ، مرکب یاناقص، اسم مصغر یا مکبر، تشبیہ استعارہ، صنعت تلمیح، کنایہ

سوال نمبر 7 : (ب) درج ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

کٹھن گھڑی، فی البدیہہ، بے ریا خیال، ناک کٹوانا، پنچھی، جھرمٹ، قباحت، دورافتادہ ، آتش محبت، جم غفیر

سوال نمبر 7 : (ج) درج ذیل لفظوں میں سے مترادف کے جوڑے ملایئے۔

خواہش، عکس، قیمتی، نادر، مشکل، دشوار، نایاب، تمنا، سایہ، بیش بہا

برائے حصہ 'ج' تفصیلی جواب کے سوالات

سوال نمبر8: سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں تحریر کیجیے۔

1. روپا کو اپنے خود غرضی اور بے انصافی آج تک کبھی اتنی صفائی سے نظر نہ آئی تھی۔ ہائے میں کتنے بے رحم ہو جس کی جاءداد سے مجھے 200 روپے سال کے عمل نہیں ہو رہی ہے اس کی یہ درگت اور میرے کا رلاج سینکڑوں آدمیوں نے کھانا کھایا میں ان کے اشارے کے غلام بنی ہوئی تھی اپنے نام کے لیے اپنی بڑائی کے لیے سینکڑوں روپے خرچ کر دیے لیکن جس کی بدولت ہزاروں روپے کھائے اس اس تقریب کے دن بھی پیٹ بھر کر کھانا نہ دے سکی میں اس لیے نہ کہ وہ بڑھیا ہے، بے کس ہے، بے زبان ہے۔

2. ہر معاملے کی دو ہی صورتیں ہیں فتح یا شکست۔ اور دونوں صورتوں میں اونہہ نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ شکست پر جس نے اونہہ کی اس نے گویا شکست کو شکست نہ سمجھا۔ جس نے فتح پر اونہہ کی اس نے گویا اپنی ہمت کی قدر نہیں کی وہ آج نہیں ڈوبا تو کل ڈوبے گا دنیا میں وہی لوگ کچھ کر سکتے ہیں جو فتح کو فتح اور شکست کو شکست سمجھیں۔

---یا---

سیاق وسباق کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجیے۔

1. رشتہ ایک خدائی پیوند ہے کہ ٹوٹ نہیں سکتا۔ تمام انسان ایک دوسرے کی ہمدردی کے ذمہ دار ہیں۔
2. نظریہ پاکستان کا مقصد پاکستان کو ایک اسلامی اور فلاحی مملکت بنانا ہے۔
3. دنیا کا دستور ہے کہ کوئی فرد و بشر رنج سے خالی نہیں۔ اگر ہر طرف خوشی ہی خوشی ہو تو انسان اللہ کو بھول کر بھی یاد نہ کریں۔
4. ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔

سوال نمبر9۔ نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے سے مندرجہ ذیل جز کی تشریح کیجیے۔

i.	آب رواں سے منہ نہ اٹھاتے تھے جانور	جنگل میں چھپتے پھرتے تھے طائر ادھر ادھر
ii.	مردم تھے سات پردوں کے اندر عرق میں تر	خس خانہ فضا سے نکلتی نہ تھی نظر
iii.	گر آنکھ سے نکل کے ٹھہر جائے راہ میں	پڑ جائے لاکھ آبلے پائے نگاہ میں
iv.	ربط ضبط ملت بیضا ہے مشرق کی نجات	ایشیا والے ہیں اس نکتے سے اب تک بے خبر
v.	ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے	نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاک کاشغر

---یا---

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال حوالے کے ساتھ لکھیے۔

(الف) برسات کا تماشا، دنیائے اسلام، سرراہ شہادت، گرمی کی شدت

(ب) میر تقی میرؔ یا غالبؔ میں سے کسی ایک شاعر کے حالات زندگی کے بارے میں تحریر کیجیے۔

سوال نمبر10 : مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے۔

محض آرزوؤں سے قوموں کی تقدیریں نہیں بدلتیں، درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو، کسی تاریخی مقام کی سیر، پاکستان کے موجودہ مسائل اور طلبہ کا کردار، دولت علم سے بہتر ہے، وابستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ، اگر میں وزیر تعلیم ہوتا